
DEENI TALEEM FOR KIDS
دینی تعلیم برائے نونہال

بچوں کے لئے

# گناہوں کی پہچان

# Bachchon Ke Liye Gunahon Ki Pehchaan



**Shaikh Nooruddin Umeri**
M.A., MPhil in Arabic, Director - Ocean The ABM School, Hyd.

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

Author:
Shaikh Nooruddin Umeri
M.A., MPhil in Arabic,
Director - Ocean The ABM School, Hyd.

Design By: Syed Zabi Uddin Quadri
(Suffah Graphics)

Printed in India By:

Published in, December, 2021.

Price: INR 100/-

All rights reserved under the Copyright Act. No part of this book may be reproduced and stored in any form or by any means, electronic or mechanical, including photocopying, without a prior written permission of the publisher.

Paigham-e-Noor deenitaleemforkids

# مقدمہ

پیارے بچو!

آپ سب کے حق میں ہم دعا کرتے ہیں کہ رب ذوالجلال اپنی رحمتوں برکتوں سے مالا مال کر دے۔ زندگی میں ہم سب سے گناہ ہوتے ہیں، بہت سارے گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کے بارے میں ہمیں پتہ ہی نہیں چلتا کہ وہ گناہ ہے۔ ہم بار بار کرتے جاتے ہیں، پھر ہمارے گناہوں کا پلڑا ابھاری ہوتے جاتا ہے، ایک دن پھر جہنم میں ڈھکیل دیا جاتا ہے۔

پیارے بچو! ہمیں گناہوں سے ڈرنا ہوگا، گناہوں کے راستے سے دور رہنا ہوگا۔ گناہ کرنے والے دوستوں سے دور رہنا ہوگا، گناہ والے ماحول سے دور رہنا ہوگا۔ حضرت آدم علیہ السلام سے ایک گناہ ہوا جنت سے نکال دئے گئے۔ اب آپ سوچیں ہم زندگی میں کتنے گناہ کرتے ہیں پھر بھی مطمئن رہتے ہیں۔

پیارے بچو!

اس کتاب میں جتنے گناہ بتائے گئے ہیں ان سب سے دور رہنے کا وعدہ کریں۔ دل میں پکا ارادہ کریں کہ زندگی میں ان سب گناہوں سے دور رہیں گے ان شاءاللہ۔

ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہم کو آپ کو آپ کے والدین کو سب کو گناہوں سے دور رکھے۔ آمین یارب۔

آپ کا خیر خواہ

نورالدین عمری یم اے، یم فل

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor




1

س گناہ کا مطلب کیا ہے؟

ج اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی کرنا گناہ کہلاتا ہے۔

2

س گناہوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج گناہوں کی 2 قسمیں ہیں۔
1) صغیرہ 2) کبیرہ۔



Paigham-e-Noor
deeentaleemforkids
Paigham-e-Noor
deeentaleemforkids



3

س: صغیرہ گناہوں کا کیا مطلب ہے؟

ج: صغیرہ گناہوں کا مطلب جب ہم نیکیاں کرتے ہیں تو خود بخود صغیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔



4

س: کبیرہ گناہوں کا مطلب کیا ہے؟

ج: وہ گناہ جو توبہ کئے بغیر معاف نہ ہوں کبیرہ گناہ کہلاتے ہیں۔

deentaleemforkids Paigham-e-Noor

5

س کیا جھوٹ بولنا گناہ ہے؟

ج جی ہاں جھوٹ بولنا سخت گناہ ہے۔
میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا
فرمان ہے کہ جھوٹ بولنا کبیرہ گناہ ہے

Sahih al-Bukhari 5976




6

س جھوٹ بولنے کی عادت
کہاں لے جاتی ہے؟

ج جھوٹ بولنے کی عادت
جہنم میں لے جاتی ہے۔

Sahih al-Bukhari 6094



Paigham-e-Noor
deentaleemforkids




7

س کیا معمولی جھوٹ پر گناہ لکھا جائیگا؟

ج جی ہاں، معمولی جھوٹ پر بھی
گناہ لکھا جائیگا۔

Sunan Abi Dawud 4991



8

س جھوٹ بولنا کس کی علامت ہے؟

ج جھوٹ بولنا منافق کی
علامت ہے۔

Sahih Muslim 59c

Paigham-e-Noor
deentaleemforkids



9

س کیا جھوٹ بولنے سے کمائی میں برکت ختم ہوتی ہے؟

ج جی ہاں جھوٹ بولنے سے کمائی میں برکت ختم ہوتی ہے۔

Sahih al-Bukhari 2079

10

س کیا لوگوں کو ہنسانے کے لئے جھوٹ بولنے والوں کی ہلاکت ہے؟

ج جی ہاں لوگوں کو ہنسانے کے لئے جھوٹ بولنا ہلاکت کا سبب ہے۔

Sunan Abi Dawud 4990



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



11

س جھوٹی قسم کھانا کیسا ہے؟

ج جھوٹی قسم کھانے والا جہنم میں جائیگا۔

Sahih al-Bukhari 6870



12

س ٹخنے کے نیچے ازار یا پیانٹ رکھنا کیسا ہے؟

ج ٹخنے کے نیچے ازار یا پیانٹ رکھنا بہت بڑا گناہ ہے۔

Sahih al-Bukhari 6870

deentaleemforkids Paigham-e-Noor

**13**




**س:** جھوٹی قسم کھا کر کسی کا حق مارنے والا کیسا ہے؟

**ج:** جھوٹی قسم کھا کر کسی کا حق مارنے والے پر جنت حرام ہے۔

Sahih Muslim 137a


**14**



**س:** غیبت کس کو کہتے ہیں؟

**ج:** کسی کے پیٹھ پیچھے برائی بیان کرنا غیبت کہلاتا ہے۔

15



س کسی کی غیبت کرنا کیسا ہے؟

ج کسی کی غیبت کرنا مردار بھائی کے گوشت کھانے کی طرح ہے۔

سورۃ الحجرات–12

16



س تہمت کس کو کہتے ہیں؟

ج کسی بے گناہ مرد یا عورت پر گناہ کا الزام لگانا تہمت کہلاتا ہے۔

Paigham-e-Noor
deentaleemforkids



17

س: کسی بے گناہ پر گناہ کا الزام لگانے کا کیا عذاب ہے؟

ج: کسی بے گناہ پر گناہ کا الزام لگانے والے کو جہنم میں خون اور پیپ کا عذاب دیا جائیگا۔

Sunan Abi Dawud 3597



18

س: چغلی کس کو کہتے ہیں؟

ج: کسی کے بارے میں دوسروں کے سامنے ایسی باتیں بتانا جس سے فساد ہوتا ہو چغلی کہلاتا ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor



19

س: چغل خوری کا کیا گناہ ہے؟

ج: چغل خور جنت میں نہیں جائیگا۔

Sahih al-Bukhari 6056

20

س: کیا چغل خور کو قبر میں عذاب ہوگا؟

ج: جی ہاں چغل خور کو قبر میں بھی عذاب ہوگا۔

Sahih al-Bukhari 1361



21

س گندی باتیں کرنے والا، گالی دینے والا کہاں جائیگا؟

ج گندی باتیں کرنے والا، گالی دینے والا جہنم میں جائیگا۔

Sahih Muslim 2865a



22

س کیا کسی کا مذاق اڑانا ٹھیک ہے؟

ج : کسی کا مذاق اڑانا حرام ہے۔

سورۃ الحجرات—11



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



س فضول باتیں کرنے سے کیا ہوگا؟

23

ج فضول باتیں کرنے سے قیامت کے دن اللہ کی رحمت سے دور ہوں گے۔

Jami` at-Tirmidhi 2411



س کسی مسلمان کو گالی دینا کیسا ہے؟

24

ج: کسی مسلمان کو گالی دینا بہت بڑا گناہ ہے۔

Sahih al-Bukhari 7076

Paigham-e-Noor
deentaleemforkids



25

س: جھگڑالو اور بداخلاقی کرنے والا کہاں جائیگا؟

ج: جھگڑالو اور بداخلاق آدمی جنت میں نہیں جائیگا۔

Sunan Abi Dawud 4801



26

س: کسی کی بے عزتی کرنا کیسا ہے؟

ج: کسی کی بے عزتی کرنا حرام ہے۔

Jami` at-Tirmidhi 1205

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor



27

س بدگمانی کس کو کہتے ہیں؟

ج کسی کے بارے میں برا گمان کرنا بدگمانی کہلاتا ہے۔

28

س بدگمانی کرنا کیسا ہے؟

ج بدگمانی کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔

سورۃ الحجرات — 12



deentaleemforkids
Paigham-e-Noor



29

س حسد کا مطلب کیا ہے؟

ج کسی کی اچھائی کو دیکھ کر جلن محسوس کرنا حسد کہلاتا ہے۔

30

س حسد کا نقصان کیا ہے؟

ج حسد ہماری نیکیوں کو ویسے ہی کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔

Sunan Ibn Majah 4210



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



31

س کسی کی جاسوسی کرنا کیسا ہے؟

ج کسی کی جاسوسی کرنا حرام ہے۔

سورۃ الحجرات—12



32

س شراب پینا کیسا ہے؟

ج شراب پینا حرام ہے۔

سورۃ المائدۃ—90

Paigham-e-Noor deenitaleemforkids



33

س: شراب کو بیچنا کیسا ہے؟

ج: شراب کو بیچنا حرام ہے۔

Sunan Abi Dawud 3674

34

س: شراب کیا ہے؟

ج: شراب ہر برائی کی ماں ہے۔

Sunan an-Nasa'i 5667



Paigham-e-Noor
deentaleemforkids



**35**

**س** شراب پینے والا کیا کر سکتا ہے؟

**ج** شراب پینے والا دنیا کی ہر برائی کر سکتا ہے۔

Sunan an-Nasa'i 5666

**36**

**س** شراب پینے والے کی توبہ کتنی بار قبول ہوتی ہے؟

**ج** شراب پینے والے کی توبہ تین بار قبول ہوتی ہے۔ اگرچوتھی بار بھی شراب پی لے تو اللہ اس کو جہنم میں خون اور پیپ کا عذاب دے سکتا ہے۔

Sunan an-Nasa'i 5670





37

س: چوری کس کو کہتے ہیں؟

ج: کسی کا مال اس کی اجازت کے بغیر لینا چوری کہلاتا ہے۔

38

س: چوری کرنا کیسا ہے؟

ج: چوری کرنا حرام ہے۔
سورۃ المائدۃ—38



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



39

س
کیا مذاق سے بھی کسی کا مال چرا سکتے ہیں؟

ج
مذاق سے بھی کسی کا مال چرانا حرام ہے۔

Sunan an-Nasa'i 1482




40

س
پڑوسی کا سامان چرانا کیسا ہے؟

ج
پڑوسی کا سامان چرانا دس گھروں میں چرانے کے برابر ہے۔

Al-Adab Al-Mufrad 103-

deentaleemforkids Paigham-e-Noor




41

س دھوکا دینے والا کہاں جائیگا؟

ج دھوکا دینے والا جہنم میں جائیگا۔

Musnad Ahmad 32

42

س خیانت کسکو کہتے ہیں؟

ج اگر کوئی آدمی ہمارے پاس کچھ امانت رکھے اور اس کی اجازت کے بغیر استعمال کرنا خیانت کہلاتا ہے۔



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



س خیانت کرنا کیسا ہے؟

43

ج خیانت کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔




س خیانت کرنے والا کہاں جائیگا؟

44

ج خیانت کرنے والا جہنم میں جائیگا۔

Sahih Muslim 114




45

س کیا خیانت کرنے والے سے خیانت کی جا سکتی ہے؟

ج نہیں۔ خیانت کرنے والے سے بھی خیانت کرنا حرام ہے۔

Sunan Abi Dawood 3534

46

س امانت میں خیانت کرنا کس کی علامت ہے؟

ج امانت میں خیانت کرنا منافق کی علامت ہے۔

Sahih al-Bukhari 6095



deentaleemforkids Paigham-e-Noor

47

س منافق کس کو کہتے ہیں؟

ج جو آدمی دل میں اسلام سے نفرت کرے اور زبان سے تعریف کرے تو اس کو منافق کہا جاتا ہے۔



48

س منافق کا انجام کیا ہوگا؟

ج منافق کا انجام جہنم ہے۔

سورۃ النساء—145



deentaleemforkids Paigham-e-Noor

49



س بخیل کس کو کہتے ہیں؟

ج جو آدمی صرف لینے کی خواہش رکھتا ہو دینے کے لئے راضی نہ ہو اس کو بخیل کہتے ہیں۔

50



س بخیلی کرنا کیسا ہے؟

ج بخیلی کرنا بڑا گناہ ہے۔

Sahih Muslim 2578

deentaleemforkids Paigham-e-Noor




51

س: تکبر کس کو کہتے ہیں؟

ج: خود کو بڑا سمجھنا دوسروں کو کمتر سمجھنا تکبر کہلاتا ہے۔



52

س: کیا تکبر کرنے والے سے اللہ محبت کرتا ہے؟

ج: اللہ تکبر کرنے والوں سے بالکل محبت نہیں کرتا ہے۔

سورۃ النحل–23



س 53 ریاکاری کس کو کہتے ہیں؟

ج اللہ کے بجائے لوگوں کو خوش کرنے کے لئے جو عمل کیا جائے اس کو ریاکاری کہا جاتا ہے۔

س 54 کیا لوگوں کے دکھاوے کے لئے کیا جانے والا عمل قبول ہوگا؟

ج لوگوں کے دکھاوے کے لئے کتنا بھی نیک عمل کیا جائے قبول نہیں ہوگا۔

Sahih Muslim 1905a





55

س: ظلم کس کو کہتے ہیں؟

ج: کسی کو ناحق مارنا، کسی کا ناحق مال لینا، کسی کا حق مارنا ظلم کہلاتا ہے۔

56

س: ظلم کرنا کیسا ہے؟

ج: ظلم کرنا حرام ہے۔

Sahih Muslim 2577d



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



57

س: ظلم کرنے والے کے ساتھ کیا معاملہ ہو گا؟

ج: ظلم کرنے والا قیامت کے دن اندھیروں میں ٹھوکریں کھائیگا۔

Sahih Muslim 2579

58

س: لوگوں کو حقیر سمجھنے کا انجام کیا ہے؟

ج: لوگوں کو حقیر سمجھنے والے کے اعمال برباد ہو جاتے ہیں۔

Sahih Muslim 2564a



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor



59

س: دوسروں کی برائی بیان کرنے والے کا انجام کیا ہوگا؟

ج: دوسروں کی برائی کرنے والے کو اللہ خود اسی برائی میں مبتلاء کر دیتا ہے۔

Sunan Abi Dawood 4983

60

س: فضول خرچی کس کو کہتے ہیں؟

ج: جہاں ضرورت نہ ہو وہاں زیادہ خرچ کرنا فضول خرچی کہلاتا ہے۔




deentaleemforkids Paigham-e-Noor



س فضول خرچی کرنے والے کون ہیں؟

61

ج فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں۔

سورۃ الاِسراء: 27

س اگر ہم پیشاب کے قطروں سے نہ بچیں تو کیا ہو گا؟

62

ج اگر ہم پیشاب کے قطروں سے نہ بچیں تو عذاب قبر ہو گا۔

Sahih al-Bukhari 218



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



63

س: اگر کوئی گناہوں کو معمولی سمجھے تو کیا ہوگا؟

ج: اگر کوئی گناہوں کو معمولی سمجھے تو وہ گناہ اس کو ہلاک کر دیں گے۔

Musnad Ahmed

64

س: سود کس کو کہتے ہیں؟

ج: اگر کوئی آدمی 100 روپے قرض دے اور زیادہ مانگے تو اس کو سود کہتے ہیں۔




deentaleemforkids Paigham-e-Noor




65

س: سود کھانے والے کی مثال کیسی ہے؟

ج: سود کھانے والے کی مثال اللہ اور اس کے رسول کے خلاف جنگ کرنے والے کی طرح ہے۔

سورۃ البقرۃ—278

deentaleemforkids Paigham-e-Noor

66

س: سود کا کیا نقصان ہے؟

ج: سود کا ایک نقصان مال کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔

سورۃ البقرۃ—276






**67**

**س:** سود کھانے والے کا سب سے کم تر درجہ کا گناہ کیا ہے؟

**ج:** سود کھانے والے کا سب سے کم تر درجہ کا گناہ اپنی ماں کے ساتھ بدکاری کرنے کے برابر ہے۔

**Sahih al-Bukhari 218**

**68**

**س:** رشوت کس کو کہتے ہیں؟

**ج:** کوئی ایسی چیز جس کو حاصل کرنے کے ہم حق دار نہیں ہیں لیکن پیسے دے کر حاصل کرنا رشوت کہلاتا ہے۔



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



69

س: کیا رشوت دینا یا لینا جائز ہے؟

ج: رشوت دینا یا لینا دونوں حرام ہے۔

70

س: رشوت دینے یا لینے والے کا انجام کیا ہے؟

ج: رشوت دینے یا لینے والے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت بھیجی ہے۔

Sunan Abi Dawood 3580



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



71

س: مزدور سے کام لے کر مزدوری نہ دینا کیسا ہے؟

ج: مزدور سے کام لے کر مزدوری نہ دینے والے کے ساتھ اللہ قیامت دن دشمنوں جیسا سلوک کرے گا۔

Sahih al-Bukhari 2227

72

س: دوسروں کی زمین پر قبضہ کرنے والوں کا انجام کیا ہوگا؟

ج: دوسروں کی زمین پر قبضہ کرنے والوں پر جنت حرام ہوگی۔

Sahih Muslim 137a-




deenitaleemforkids Paigham-e-Noor



73

س: ناپ تول میں کمی کرنے والوں کا انجام کیا ہے؟

ج: ناپ تول میں کمی کرنے والوں کا انجام ہلاکت ہے۔

(المطفّفین-۱)

74

س: کسی سے قرض لیکر واپس نہ کرنے والے کا انجام کیا ہے؟

ج: اگر کوئی قرض لیکر واپس نہ کرے تو جہنم میں داخل ہوگا۔

Sunan an-Nasa'i 4684



deentaleemforkids Paigham-e-Noor

75

س ناحق کسی کا قتل کرنا کیسا ہے؟

ج ناحق کسی کا قتل کرنا ساری انسانیت کو قتل کرنے کے برابر ہے۔

سورۃ النساء—93



76

س خودکشی کا مطلب کیا ہے؟

ج اگر کوئی آدمی اپنے آپ کو ہلاک کرلے تو اس کو خودکشی کہا جاتا ہے۔






77

س: خود کشی کرنا کیسا ہے؟

ج: خود کشی کرنا حرام ہے۔

Jami` at-Tirmidhi 2043

78

س: ماں باپ کی نافرمانی کا انجام کیا ہے؟

ج: ماں باپ کی نافرمانی کرنے والے سے اللہ ناراض ہوتا ہے۔

Jami` at-Tirmidhi 1899



Paigham-e-Noor
deentaleemforkids
Paigham-e-Noor



79

س ماں باپ کو گالی دینا کیسا ہے؟

ج ماں باپ کو گالی دینا بہت بڑا گناہ ہے۔

Sahih al-Bukhari 5973



80

س قطع رحمی کا مطلب کیا ہے؟

ج رشتہ داری کو توڑ دینا قطع رحمی کہلاتا ہے۔



81

س: ایک دوسرے سے بات بند کرنا کیسا ہے؟

ج: کسی سے تین دن سے بڑھ کر بات بند کرنا گناہ ہے۔

Sahih Muslim 2558b

82

س: پڑوسی کو تکلیف دینے کا انجام کیا ہے؟

ج: پڑوسی کو تکلیف دینے والا جنت میں نہیں جائیگا۔

Sahih Muslim 46



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



83

س بغیر اجازت کے دوسروں کے گھروں میں جھانکنا کیسا ہے؟

ج بغیر اجازت کے دوسروں کے گھروں میں جھانکنا حرام ہے۔

Sahih al-Bukhari 6241

84

س ماں باپ سے نفرت کرنا کیسا ہے؟

ج ماں باپ سے نفرت کرنا کفر ہے۔

Sahih al-Bukhari 6768



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



س کیا مرد آدمی ریشم کا لباس پہن سکتا ہے؟

85

ج مرد کے لئے ریشم کا لباس حرام ہے۔

Sunan an-Nasa'i 5145



س مسلسل گناہ کرنے سے کیا ہوتا ہے؟

86

ج مسلسل گناہ کرنے سے گناہ جمع ہو کر بڑے بن جاتے ہیں۔

Musnad Ahmed 22808

deentaleemforkids Paigham-e-Noor



87

س کیا مرد آدمی سونے کے زیورات پہن سکتا ہے؟

ج مرد آدمی کے لئے سونے کے زیورات حرام ہیں۔

Sunan an-Nasa'i 5275

88

س سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا کیسا ہے؟

ج سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہے۔

Sahih al-Bukhari 5632



deentaleemforkids Paigham-e-Noor



89

س: گانا بجانا کیسا ہے؟

ج: گانا بجانا حرام ہے، گانے بجانے والوں کو قیامت کے دن دردناک عذاب ہے۔


سورۃ لقمان—6

90

س: موسیقی اور گانا بجانا عام ہونے سے کیا ہوگا؟

ج: موسیقی اور گانا بجانا عام ہونے سے اللہ کا عذاب نازل ہوگا۔

Sunan Tirmizi 3247



Paigham-e-Noor
deentaleemforkids

## نورالدین عمری کی زیر طباعت کتابیں

1) آو بچو قرآن سمجھیں تفسیر عم پارہ
2) آو بچو عقیدہ سمجھیں
3) میرے پیارے نبی
4) سنہری باتیں
5) سنو تم بدل سکتے ہو
6) زندگی کا سلیقہ
7) تفسیر سورہ رحمن
8) درس حدیث
9) صدائے نور خطبات جمعہ
10) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (ماں کے پیٹ سے پیدائش تک)
11) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (پیدائش سے 7 سال تک)
12) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (7سال سے 10سال تک)
13) بچوں کی تربیت اکیسے کی جائے (10سال سے 14سال تک)
14) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (15سال سے 18سال تک)
15) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (نکاح سے پہلے)

Note :
Support us in publishing of children's literature
Google pay Number 9391138391

نوٹ:
بچوں کے لٹریچر کی نشر و اشاعت میں آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

# Introduction Of
## Shaikh Nooruddin Umeri

Shaikh Nooruddin Umeri Is A Renowned Islamic Scholar, Speaker And Researcher From Hyderabad, India. He Has Delivered Thousands Of Talks All Over India – In Organized Programs As Well As Friday Sermons In Masaajid. Apart From The Lengthy Speeches, His Short And Informative Videos On Youtube On A Variety Of Topics Have A Large Number Of Followers, Alhamdulillaah.

He Is A Successful Child Psychologist And A Family Therapist. With Indepth Understanding Of Islam, He Specializes In Counseling Students, Parents And Spouses In The Light Of Shari'ah.

### EDUCATION:

- Aalim Faazil – Jamia Darussalam, Oomerabad.
- Bachelor of Arts, Arabic– Madras University.
- Master of Arts, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Diploma in Translation – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Philosophy, Arabic–English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Arts, Urdu – Central University of Hyderabad, Hyd.

### TEACHING EXPERIENCE:

- Arabic Lecturer At Narayana Junior College, Hyderabad For A Period Of 10 Yrs.
- Jamia Darul Furqaan, Sayeedabad, Hyderabad.
- Jamia Hafsa As-Salfiya, Golconda, Hyderabad.

### RESEARCH WORK:

AskIslamPedia.com–An Online Islamic Encyclopedia, Head Office–Hyderabad.

### CURRENT DESIGNATION:

Director - Ocean The ABM School, Hyderabad.


40 AHADEES
For Children
With Translation And Explanation
Shaikh Nooruddin Umeri
Children's Ramadan
150 Questions & Answers In Simple English
Basic Rulings Of Ramadan For Children
بچوں کا رمضان
Bachchon Ka Ramazan
5 Pillars of Islam
My First Steps
Towards Islam
Bachchon Ka Ramazan
میرا پیارا دین
Complete Guide To
Salaah For Kids
Q/A Format
نماز کے مکمل آداب
Bachchon Ke Liye
Namaz Ke Mukammal Aadaab
Arabic Alphabets
COLOURING BOOK
English Alphabets
بچوں کے لئے قرآنی معلومات
Bachchon Ke Liye Qur'ani Malumaat
Umme Hanzala Muhammadi
خطبہ عیدالاضحی
Khutba Eid-ul-Adha
Bachchon Ke Liye
Qur'ani Malumaat
QURANIC
General Knowledge
For Kids
DEENI TALEEM FOR KIDS
40 AHADEETH For Kids
دعائیں
DAILY Supplications FOR KIDS
میرے پیارے نبی
Mere Pyare Nabi
NABI
My Beloved
RASOOL ALLAAH
Seerah Q&A for Kids

MRP ₹100